Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۵۲ } مطبوعہ دوشنبہ بتاریخ ۲۰ شعبان المعظم ۱۳۵۲ھ مطابق ۹ دسمبر ۱۹۳۳ء { جلد ۳۵

حصۂ دوم

احکام منسٹر صاحبان و سکریٹری صاحبان دربار

(۱)	احکام اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر	(۲)	(۶)	نقشہ مقدمات عدالت العالیہ ہائی کورٹ رامپور	۶ تا ۹
(۲)	” ” صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر	(۳)	(۷)	حکم اجلاس صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل بہادر	۹
(۳)	” ” صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر	(۴)	(۸)	احکام اجلاس ناظم صاحب شمالی	۱۰
(۴)	” ” صاحب ریونیو منسٹر بہادر	(۴ و ۵)			
(۵)	حکم ” صاحب آرمی منسٹر بہادر	(۶)		نقشہ نرخ نامہ اجناس	

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

رخصت

(واقع ۴ دسمبر ۱۹۳۳ء)

مسودہ و تحریر صاحب ریونیو منسٹر بہادر مشعر منظوری رخصت رعایتی ۱۴ یوم مطلوبہ منشی ابو الحسن سب اورسیر صیغہ انہار مشاہرہ دار ساٹھ روپے از ۴ لغایتہ ۱۹ دسمبر ۱۹۳۳ء و منظوری رخصت نامبردہ حسب تصدیق اکاؤنٹنٹ آفس

حسب تحریر صاحب ریونیو منسٹر بہادر و تصدیق اکاؤنٹنٹ آفس منشی ابو الحسن سب اورسیر تنخواہ دار ساٹھ روپیہ کی رخصت رعایتی چودہ یوم من ابتدائے ۴ دسمبر لغایتہ ۱۷ دسمبر ۱۹۳۳ء منظور کیجاتی ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

منتقلی

(واقع ۵ دسمبر ۱۹۳۳ء)

"ڈائنسن فنڈ میں منشر پروانگی کے انتقال سے تین سو روپیہ ماہوار کی بچت ہے اس بچت سے حسب ایمائے ہمایوں مبلغ ایک سو پچاس روپیہ ماہانہ بجٹ تعلیمات کے مد وظائف میں منتقل ہو کر یہ رقم محمد ارشاد اللہ خاں بہادر کے بچوں کی تعلیم کے لئے مقرر کیجاتی ہے یہ ڈیڑھ سو روپیہ ماہوار بیگم ارشاد احمد خاں صاحب بہادر کو بچوں کی تعلیم کے واسطے ملتے رہیں۔ یہ عملدرآمد شروع دسمبر ۱۹۳۳ء سے ہوگا۔

حکم ہوا کہ

بمنشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

اخراج نام

واقع ۷ دسمبر ۱۹۳۳ء

ثبت درخواست سید امیر العظیم ولد فضل عظیم
ساکن محلہ گھیر مردان خاں در بارہ صدور
حکم اخراج نام مسمی ظہور محمد ٹھیکہ دار
مختار خود از ۷ دسمبر ۱۹۳۳ء

رجسٹرار صاحب عدالت نے اطمینان کر لیا ہے کہ امیر العظیم
ولد فضل عظیم ساکن محلہ گھیر مردان خاں نے مسمی ظہور محمد
جو انکی جانب سے مختار عام تھا۔ اپنے مختارکار سے خارج کر دیا
لہذا نقل حکم بغرض اندراج گزٹ سیکریٹری کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

امیر العظیم ولد فضل عظیم ساکن محلہ گھیر مردانخاں نے
درخواست مشمولہ ہذا نسبت موقوفی ظہور محمد ٹھیکہ دار
مختار خود آج اصالتاً دفتر ہذا میں حاضر ہو کر تصدیق
کرائی

برائے صدور حکم اشاعت گزٹ باجلاس
عالیجناب صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر پیش ہو

دستخط رجسٹرار صاحب عدالت

رخصت

واقع ۸ دسمبر ۱۹۳۳ء

ثبت تحریر صاحب چیف جسٹس بہادر مع رپورٹ
صاحب چیف مجسٹریٹ در بارہ منظوری
رخصت رعایتی پندرہ یوم مطلوبہ امانت علی خاں
اہلمد عدالت مذکور مشاہرہ ۔ روپیہ
از یوم استفادہ بضرورت کار ہائے
زمینداری بذمہ داری شیر علی خاں اہلمد

حکم

امانت اصر خاں اہلمد متعینہ عدالت چیف مجسٹریٹ
کی رخصت رعایتی پندرہ یوم حسب تصدیق اکاؤنٹنٹ آفس
منظور کیجاتی ہے
جو روز روانگی سے رخصت شمار کیجائے گی کام کا
انتظام صاحب چیف مجسٹریٹ کر دیں اور آئندہ
درخواست رخصت کے ساتھ کام کے انتظام کی بابت
بھی رپورٹ درج کرنا چاہیئے
احکام ضابطہ ہوں

دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

احکام اجلاس جناب صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

رخصت

۵ دسمبر ۱۹۳۳ء

رام لال نائب مدرس مدرسہ تحصیلی سوار تنخواہ دار تیرہ روپیہ بوجہ بیماری آٹھ یوم کی رخصت کا خواستگار ہے کاغذات میں سارٹیفکٹ ڈاکٹری یا سند طبی شامل نہیں ہے نقشہ رخصت سے واضح ہے کہ نامبردہ سال حال میں سات یوم کی رخصت اتفاقیہ حاصل کر چکا ہے۔ اب اسکو آٹھ یوم کی رخصت اتفاقیہ نہیں ملسکتی کیونکہ دس یوم سے زائد رخصت اتفاقیہ دئے جانے کا قاعدہ نہیں ہے۔ اور چونکہ رخصت خواہ رخصت رعایتی سے ۱۴ جون ۱۹۳۳ء کو واپس ہوا ہے۔ اس لئے اسکو رخصت رعایتی کا حق بھی نہیں ہے۔ لہذا حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس نامبردہ کی رخصت آٹھ یوم از ۲۵ نومبر تا ۲ دسمبر ۱۹۳۳ء بوضع تنخواہ منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

تنزل

واقع ۶ دسمبر ۱۹۳۳ء

عاشق رضا خان مدرس مدرسہ شیپور و تحصیل ٹانڈہ مغلوب الغضب شخص ہے جس مدرسہ میں یہ تعینات رہا وہاں کے مدرسین کے ساتھ اس کا برتاؤ اچھا نہ رہا۔ ابتداً اسکی تعیناتی مدرسہ پہاڑی دروازہ میں ہوئی تھی وہاں کے مدرس اول سے لڑا جسکی پاداش میں اسکی تنخواہ سے ایک روپیہ تنزل ہو کر مدرسہ کٹ کنیا بھیجا گیا۔ یہاں اسکی غلط و گستاخانہ رپورٹ پر دو روپیہ جرمانہ کیا گیا اور وہاں سے بارہ دری محمود خان میں تبدیل کیا گیا اسکے بعد انہی قصبوں میں شہر سے منفصلات کو تبادلہ کیا گیا۔ لیکن مدرس نے اپنا طرز عمل نہیں بدلا۔ اپنے تبادلہ کی منسوخی کے متعلق سررشتہ انسپکٹری مدارس میں مدرس مذکور نے جو گفتگو کی وہ نہایت درشت تھی۔ انسپکٹر صاحب مدارس نے شکایت کی ہے۔ لہذا اس مرتبہ تنبیہاً مدرس کی موجودہ تنخواہ میں ایک روپیہ تنزل کیا جاتا ہے۔ اور ایک موقع اور دیا جاتا ہے اگر مدرس نے طرز عمل کو درست نہ کیا تو برخاست کر دیا جائیگا۔ سررشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

احکام اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر

برخاستگی

۲۹ نومبر ۱۹۳۳ء

ثبت رپورٹ تحصیلدار صاحب جائداد گمشدہ و بیرون
بابت اخراج اسم ایس ایس نیری گماشتہ
محال جگتا لائی (جسکی مدت امتحانی چھ ماہ ۳۰ نومبر
۱۹۳۳ء کو ختم ہوتی ہے) بعلت خرابی کام۔

حکم

بوجہ اشد عام ایس ایس نیری گماشتہ محال
جگتا لائی بیرون کو ۱ دسمبر ۱۹۳۳ء سے ملازمت سے
سبکدوش کیا جانا منظور ہے۔ برائے اجراء بخدمت
ڈپٹی سکریٹری صدر مرسل ہو۔

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

انتخاب

واقعہ یکم دسمبر ۱۹۳۳ء

شیخ محمود حسن ساکن شاہ آباد رامپور کو قانونگو
ٹریننگ کے لئے انتخاب کیا گیا ہے۔ احکام جاری ہوں
اور محمود حسن ڈائرکٹر صاحب لینڈ ریکارڈس کے پاس
جاکر ٹریننگ حاصل کرے۔

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

منسوخی رخصت

یکم دسمبر ۱۹۳۳ء

ثبت یادداشت ایگزیکٹیو انجینیر صاحب انہار بابت تنسیخ
رخصت چہار یوم رام سروپ اہلمد انہار منجملہ
پندرہ یوم بوجہ حاضری نامبردہ بتاریخ ۳۰ نومبر ۱۹۳۳ء

حکم

جبکہ رخصتی چہار یوم قبل ختم رخصت واپس آگیا تو اسکی
رخصت چہار یوم ۳۰ نومبر لغایت ۳ دسمبر ۱۹۳۳ء
منسوخ کیجاتی ہے۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

رخصت

یکم دسمبر ۱۹۳۳ء

ثبت یادداشت ایگزیکٹیو انجینیر صاحب انہار بابت
منظوری رخصت مزید پندرہ یوم بوجہ تنخواہ
رام سروپ اہلمد انہار مشاہرہ بابت پندرہ روز
از ۱۹ نومبر ۱۹۳۳ء مع تحریر صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل
بہادر بابت تصدیق استحقاق رخصت رعایتی
پندرہ یوم۔

حکم

جبکہ رخصت رعایتی کا حق رام سروپ اہلمد کو حاصل ہے
تو پندرہ یوم کی مزید رخصت رعایتی ۱۹ نومبر لغایت
۳ دسمبر ۱۹۳۳ء منظور ہے۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

رخصت

۵ دسمبر ۱۹۳۳ء

مثل یادداشت سپرنٹنڈنٹ صاحب آبکاری بابت منظوری رخصت ایک ماہ تین یوم بوضع تنخواہ احمد نبی محرر گودام آبکاری تنخواہ دار پندرہ روپیہ از ۱۴ دسمبر ۱۹۳۳ء لغایت ۱۷ جنوری ۱۹۳۴ء وتقرر بجانشینی رام چرن۔

حکم

احمد نبی محرر گودام کی رخصت بوضع تنخواہ ایک ماہ تین یوم ۱۶ دسمبر ۱۹۳۳ء سے ۱۷ جنوری ۱۹۳۴ء تک منظور ہے۔ اور بنظر ہرج کار سرکار رام چرن پسر رام سروپ کو جو انگریزی دان ہے عوض مذکور تا واپسی رخصتی کیا جاتا ہے۔ تنخواہ خدمتی کوٹھیگی۔ جو احمد نبی کو ملتی تھی۔ وہی عوض پائیگا۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط فارضا صاحب ریونیو منسٹر بہادر

حکم اجلاس صاحب آرمی منسٹر بہادر

رخصت

۶ دسمبر ۱۹۳۳ء

حسب سفارش کمانڈنگ افسر صاحب تھرڈ رامپور رفعت انفنٹری معروضہ ۶ دسمبر ۱۹۳۳ء جمعدار غلام مرتضیٰ خانصاحب کمپنی ۳ تھرڈ رامپور رفعت انفنٹری کو رخصت چار یوم من ابتدائے ۱۱ دسمبر ۱۹۳۳ء لغایت ۱۴ دسمبر ۱۹۳۳ء جو بغرض درستی مرمت مکان دیا جانا منظور ہے۔ آرڈر نفاذ جاری ہو۔ اور ایک نقل اسکی بنا براندراج [illegible] کو مرسل ہو۔

دستخط کرنل آرمی منسٹر بہادر

عدالت العالیہ ہائی کورٹ ریاست رامپور واقع ۸ دسمبر سنہ ۱۹۳۳ء

باجلاس مسٹر معظم علیخانصاحب بہادر چیف جسٹس

فہرست پیشی مقدمات جن کی پیشی عدالت العالیہ ہائی کورٹ میں ابتدائے یکم دسمبر لغایت ۸ دسمبر سنہ ۱۹۳۳ء ہوئی منسلکہ ہذا برائے طبع مطبع سرکاری کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
یکم دسمبر سنہ ۱۹۳۳ء	جمعہ				تعطیل
۲ دسمبر	شنبہ	مسٹر معظم علی خان صاحب بہادر چیف جسٹس	پربھو ناتھ بنام سرکار بہادر	نگرانی دیوانی بابت منظوری رپورٹ اڈیٹر جیسنہ وقف	آج پیش ہوکر برائے سماعت ۸ دسمبر سنہ ۱۹۳۳ء مقرر ہوئی
”	”	”	مکٹ بہاری لال بنام بجے رام وغیرہ	اپیل دیوانی دعوی [illegible] زر قرضہ	آج پیش ہوکر برائے سماعت ۱۱ دسمبر سنہ حال مقرر ہوئی
”	”	”	عبداللطیف خان بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری الزام دفعہ ۱۱ مرمہ قانون فوجداری	آج پیش ہوکر برائے سماعت ۸ دسمبر سنہ حال مقرر ہوئی
”	”	مسٹر جسٹس رگھونندن کشور صاحب بہادر	متن لال بنام موہن لال	ابتدائی دیوانی دعوی [illegible] زر رہن	آج پیش ہوکر برائے ادخال بیان تحریری ۱۶ دسمبر سنہ حال مقرر ہوئی
”	”	”	سماۃ بسم النساء بیگم بنام سید علیخان وغیرہ	اپیل دیوانی دعوی [illegible] زر ثمن	برائے سماعت ۱۲ دسمبر سنہ حال مقرر ہوئی
”	”	”	بابو رام بنام سماۃ کلاوتی وغیرہ	ابتدائی دیوانی دعوی [illegible] قیمت پارچہ	برائے ادخال بیان تحریری ۱۴ دسمبر سنہ حال مقرر ہوئی
”	”	مسٹر معظم علیخان صاحب بہادر چیف جسٹس و مسٹر جسٹس رگھونندن کشور صاحب بہادر	صاحبزادہ سید ارشاد اللہ خانصاحب بہادر بنام موہن لال	اپیل دیوانی دعوی استقرار حق	برائے سماعت ۱۲ دسمبر سنہ حال مقرر ہوئی

[illegible]	[illegible]	مسٹر جسٹس عبدالعزیز صاحب بہادر انصاری	چھنو خان وغیرہ بنام حشمت اللہ وغیرہ	ابتدائی دیوانی دعوی تحت [illegible]	بغرض شہادت مدعاعلیہ پیش کرنے کے واسطے ۱۱ دسمبر سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	وکیل سرکار بنام بیگم بیگم	درخواست درباره التوائے نیلام	نیلام ملتوی کیا گیا
۳ دسمبر ۳۳ء	یکشنبہ				تعطیل شب برات
۴ دسمبر ۳۳ء	دوشنبہ				تعطیل ولادت جناب امیر علیہ السلام
۵ دسمبر ۳۳ء	سہ شنبہ	مسٹر مظہر علی خان صاحب بہادر چیف جسٹس	بابو رام وغیرہ بنام رام غلام وغیرہ	نگرانی دیوانی بابت واگذاشت جائداد	آج پیش ہو کر بغرض سماعت ۱۲ دسمبر سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	سردار سوجیت سنگھ بنام عبدالحمید خان	نگرانی دیوانی نسبت منظوری درخواست بازجنبر	آج پیش ہو کر بغرض سماعت ۱۲ دسمبر سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	مسٹر جسٹس رگھونندن کشور صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام بانکے خان وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۶۵/۳۴۲/۳۴۳	بغرض ثبوت پیش کرنے کے واسطے ۸ دسمبر سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	علی بہادر خان وغیرہ بنام [illegible]	اپیل دیوانی دعوی تخلیہ مکان	اپیل منظور ہوا اور تجویز عدالت ماتحت منسوخ ہوئی
"	"	مسٹر مظہر علی خان صاحب بہادر چیف جسٹس	عبدالرؤف خان وغیرہ بنام سکندر بیگم	اپیل دیوانی دعوئے استقرار حق	اپیل نامنظور ہوا اور تجویز عدالت ماتحت بحال رہی
۶ دسمبر ۳۳ء	چہارشنبہ	—	[illegible] خان وغیرہ بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ [illegible]	زیر تجویز
"	"	مسٹر جسٹس [illegible] صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام [illegible] خان وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۶۵/۳۴۲/۳۴۳	بغرض ثبوت پیش کرنے کے واسطے ۷ دسمبر سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	مسٹر مظہر علی خان صاحب بہادر چیف جسٹس و مسٹر جسٹس عبدالعزیز صاحب بہادر انصاری	بنگوا داس بنام سرکار بہادر	نگرانی فوجداری الزام دفعہ [illegible]	زیر تجویز

[illegible]	[illegible]	مسٹر جسٹس عبدالعزیز صاحب بہادر انصاری	بہاری لال بنام شفیع اللہ	درخواست اجرا نسبت حصول زر خرچہ تعدادی [illegible]	[illegible] مطالبہ درخواست اجرا خارج کی گئی۔
۲۱ دسمبر ۳۳ء	پنجشنبہ	مسٹر جسٹس گوبند کشور صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام بانگر خان وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۶۵ ست ۳۶۴ ۳۶۷	زیر تجویز
”	”	مسٹر منظور علی خان صاحب بہادر چیف جسٹس	سلامت جان خان وغیرہ بنام گوری بیگم	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۵۰۶	زیر تجویز
”	”	مسٹر جسٹس عبدالعزیز صاحب بہادر انصاری	سرکار بہادر بنام نذیر احمد	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۲۵ ست	زیر تجویز

حکم اجلاس صاحب اکاونٹنٹ جنرل بہادر

رخصت

۵ دسمبر ۱۹۳۳ء

نمبری عرضی جوگل کشور گماشتہ اکاونٹ آفس مشاہرہ دار چوبیس روپیہ جو درخواست عطائے رخصت رعایتی پندرہ (۱۵) یوم از ۲ دسمبر ۱۹۳۳ء بوجہ علالت خود معہ رپورٹ اہلمد سروس ریکارڈ۔ بدین خلاصہ کہ بشمول رخصت اتفاقیہ تین (۳) یوم (۲۸ لغایت ۳۰ نومبر ۱۹۳۳ء) سائل کی کل رخصت رعایتی انیس ۱۹ یوم شمار ہوگی

حکم

۲۸ نومبر ۱۹۳۳ء لغایت ۱۶ دسمبر ۱۹۳۳ء انیس ۱۹ یوم کی رعایتی رخصت بذمہ داری لالہ لچھمن لال گماشتہ منظور ہے۔
بغرض اجرائے احکام بخدمت جناب ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر مرسل ہو۔

دستخط صاحب اکاونٹنٹ جنرل بہادر

احکام اجلاس ناظم صاحب شمالی

تعیناتی

مورخہ دسمبر ۱۹۳۳ء

مقدمہ درخواست شبیر علیخان قائم مقام محمد شاہجہان
ضلعدار حلقہ نمبر ۲ متعلقہ تحصیل سوار مولا گڈھ
تحصیل سوار بہ استدعاء منظوری استعفا و تقرر خود
بر جگہ بالا۔

حکم

شبیر علیخان ضلعدار حلقہ نمبر ۲ پر بوجہ علالت محمد شاہجہان
کی جگہ بطور عوض مامور کیا گیا تھا۔ وہ عوض خدمت سے
مستعفی ہونا چاہتے ہیں اور دیگر جگہ کے خواہشمند ہیں۔
محمد شاہجہان صحت پاکر حاضر آگئے حلقہ کا خالی رہنا
مناسب نہیں معلوم ہوتا ہے۔ لہذا محمد شاہجہان
فوراً جائے تعیناتی پر حاضر ہو کر خدمات انجام دیں
اور شبیر علیخان سے چارج لے لیں۔ صدر سے
احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط ناظم صاحب حلقہ شمالی

رخصت

واقع ۱۰ دسمبر ۱۹۳۳ء

مثبتہ عرضی سید ظہور حسین ضلعدار حلقہ پچاوہ وغیرہ
تحصیل بلاسپور باستدعاء رخصت ایک ماہ۔

حکم

ایک ماہ کی رخصت عرضی گذار کی بعوض فرخ شاہجہان امیدوار
ساکن رامپور کے بوجہ علالت عرضی گذار منظور ہے احکام ضابطہ
جاری ہوں۔ فرخ شاہجہان موضع پچاوہ کے حلقہ کا چارج
فوراً لے لیں یوم کارکردگی سے وہی تنخواہ فرخ شاہجہان کو
ملیگی جو سائل کو ملتی ہے۔

دستخط ناظم صاحب شمالی

...ہفتہ اجناس ریاست رامپور۔

بابت ہفتہ اول ماہ دسمبر ۱۹۳۳ء

کیفیت	ٹانڈہ	سوار	بلاسپور	ملک	شاہ آباد	صدر تحصیل	نام جنس
(نوٹ) نقشہ نرخ حضور تحصیل سے موصول	۱۵/-	۱۳/-	۱۵/-	۱۰/۱۳	۱۰/۱۲	•	گندم
نہیں ہوا۔	۱۱۸/-	۱۸/-	۱۹/-	۱۶/-	۱۰۱۶/-	•	جو خالص
	۱۱۹/-	۱۱۸/-	۱۲۰/-	۱۱۸/-	۱۰۱۶/-	•	جو گندم آمیز
	۱۱۹/-	۱۲۱/-	۱۲۱/-	۱۱۹/-	۱۰۱۶/-	•	چنا
	۱۱۳/-	۱۱۶/-	۱۱۲/-	۱۱۳/-	۱۱۵/-	•	ماش
	۱۱۳/-	۱۱۱/-	۱۱۰/-	۱۱۲/-	۱۱۳/-	•	مونگ
	۱۲۰/-	۱۲۲/۱۲۳	۱۱۹/-	۱۰۲۱/-	۱۲۲/-	•	...نکھ
	۱۲۲/۱	۱۲۲/۱	•	•	•	•	...جی
	۱۱۸/۱	۱۱۸/۱	•	•	•	•	...وجی
	۱۱۶/۱	۱۱۶/۱	•	•	۱۳/۱	•	...س
	۱۱۳/۱	۱۱۳/۱	•	•	۱۱۲/-	•	...جر
	۱۱۱/-	۱۱۳/۱ ۱۱۰/۱	۱۱۱/-	۱۱۳/۱ ۱۱۰/۱	۱۱۳/۱ ۱۱۰/۱	•	برنج
	۳/۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	•	...ن زرد
	۳/۱	۳/۱	۱۳/۱	۱۳/۱	۳/۱	•	...ن سیاہ
	۱۰۲/۱	۱۳/۱	۲/۱	۲/۱	۲/۱۳/۱	•	...ن کنجد
	۱۰۹/-	۱۱۰/-	۱۹/-	۱۰۸/-	۱۹/-	•	...ل سہر
	۱۸/-	•	۱۵/-	۱۶/-	۱۸/-	•	...کا جوزی
	۱۱۰/-	۱۱۰/-	۱۵/۱۴	۱۱۰/-	۱۱/۱۱۰	•	...سیاہ
	۱۱۶/۱	•	۱۱۹/-	۱۱۹/-	۱۲۱/-	•	...سرہ